NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

پیشہ وارانہ بحالی: کارکنوں کو کام پر واپس جانے میں مدد دینا

NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ [Workers' Compensation Board] (بورڈ) کے پاس پیشہ ورانہ بحالی کے مشیر (vocational rehabilitation counselors, VRCs) موجود ہیں، جو جسمانی معذوری والے زخمی کارکنوں کو مفت مدد فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے مشیران زخمی کارکنوں کو وہ مدد حاصل کرنے میں مدد کرتے ہیں، جس کی انہیں مزید خود مختار بننے اور کام پر واپس جانے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

اگرچہ زخمی کارکنان کی اکثریت مکمل طور پر ٹھیک ہو جاتی ہے اور نگہداشت فراہم کنندگان کی طرف سے کلیئر ہونے کے بعد اپنے اسی کام پر واپس آ جاتی ہے، مگر کچھ پر طبی پابندیاں یا ان کے دیگر ایسے حالات ہو سکتے ہیں، جو ان کے کام پر واپسی کو متاثر کرتے ہیں۔ انہیں کام پر متبادل یا ہلکی ڈیوٹی کی ضرورت پڑ سکتی ہے کیونکہ وہ صحت یابی کے عمل سے گزر رہے ہوتے ہیں یا نئی طبی پابندیوں کو ایڈجسٹ کر رہے ہوتے ہیں۔ کچھ زخمی کارکنوں کو ایک بالکل مختلف کام تلاش کرنے کے لیے تربیت اور مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم مدد کر سکتے ہیں!

اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہنر مند VRCs پر مشتمل بورڈ کی ٹیم درج ذیل کام کر سکتی ہے:

- نوکریوں کی تلاش اور درخواست دینے میں مدد کرنا۔
- کام / پیشہ ورانہ تربیت کو مربوط کرنا۔
- دیگر ووکیشنل سپورٹ سروسز کے ریفرلز پیش کرنا۔
- کام پر واپس جانے یا کام پر رہنے کے لیے عمومی مدد فراہم کرنا۔
- ADA امیرکنز ود ڈس ایبلٹیز ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے تحت لیبر مارکیٹ سے منسلک اور معقول سہولیات کے حصول کے بارے میں رہنمائی فراہم کرنا۔
- معذوری، روزگار اور افرادی قوت کی ترقی کے حوالے سے وسائل کے طور پر کردار ادا کرنا۔
- کسی بھی قسم کے ذہنی صحت کے ایسے مسائل کو حل کرنے کے لیے بورڈ کے لائسنس یافتہ ماسٹر سوشل ورکرز کے ساتھ شراکت کرنا، جو زخمی کارکن کی کام پر کامیاب واپسی کو متاثر کر سکتے ہوں۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: wcb.ny.gov/vocrehab، ای میل کریں: vocrehab@wcb.ny.gov یا بورڈ کے ساتھ (212) 866-2425 پر رابطہ کریں اور "vocational rehabilitation assistance (پیشہ ورانہ بحالی کی مدد)" کا پوچھیں۔

اگر آپ کو کام سے متعلق چوٹ لگی ہو یا بیماری لاحق ہو، تو جاننے کی باتیں:

- کام پر واپس جانے کے اختیارات کے بارے میں اپنے آجر کے ساتھ رابطے میں رہیں۔
- کام کرنے کے لیے کلیئرنس حاصل کرنے کے لیے اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندہ سے رابطے میں رہیں — چاہے آپ مکمل طور پر کام پر واپس جانے کے قابل ہوں یا متعین شدہ پابندیوں کے ساتھ کام کرنے کے قابل ہوں۔
- اپنی حدود میں ڈیوٹی کے اختیارات کے لیے اپنے آجر کو اپنی طبی پابندیوں سے آگاہ کریں۔
- اگر آپ کو کوئی معذوری لاحق ہو، تو آپ اپنے آجر سے مناسب رعایت کی درخواست کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کام پر واپس جا سکیں۔
- اگر آپ اپنے کام سے متعلق چوٹ کی وجہ سے کم تنخواہ پر کام پر واپس جاتے ہیں، تو آپ فرق کو پورا کرنے کے لیے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔
- آپ کے کام سے متعلق چوٹ کے لیے طبی دیکھ بھال زندگی بھر کا فائدہ ہے۔
- اگر آپ کام کرنے کے قابل ہیں لیکن اپنے کام پر واپس نہیں جا سکتے، تو آپ کو اپنی پابندیوں کے اندر رہ کر کام تلاش کرنا ہو گا۔
- آجروں کو آپ کی ملازمت کو روکنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اپنی ملازمت کی حیثیت کے حوالے سے اپنے آجر کے ساتھ رابطے میں رہیں۔
- آپ فیڈرل فیملی اینڈ میڈیکل لِیو ایکٹ (Family and Medical Leave Act, FMLA) کے ذریعے بلا معاوضہ چھٹی کے حقدار ہو سکتے ہیں۔
- امتیازی سلوک ہمیشہ ممنوع ہے!
- آپ کو امریکیوں کے معذوری ایکٹ کے تحت تحفظات حاصل ہو سکتے ہیں — مزید جاننے کے لیے پیشہ ورانہ بحالی کے مشیر سے بات کریں۔

بحران میں معاونت: کیا آپ کسی بحران میں ہیں، جذباتی پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں یا کسی ایسے شخص کے بارے میں فکر مند ہیں، جسے آپ جانتے ہیں؟ **988** پر ٹیکسٹ کریں یا **988lifeline.org** پر چیٹ کریں۔ یہ وسائل دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن دستیاب ہیں۔

UR:WCB:INJ-vocational-rehab-fs-v4 6-26 Urdu